# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ex-1215 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**
**Assembly Business**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa Legis-I (R)/2026/** 1482
**Date, Peshawar the** 28 **/01/2026/**

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Inter Provincial Coordination Department.

Subject: - **JOINT RESOLUTION No. 231 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **26-01-2026** passed unanimously the following Resolution No.**231** moved by Mr. Aftab Alam, Minister for Law, Parliamentary Affairs and Human Rights, Mr. Akbar Ayub Khan, Mr. Amjad Ali, Minister for Housing, Mr. Muhammad Zahir Shah, Mr. Muhammad Arif, Mr. Fazal Hakeem, Mr. Adnan Khan and Mr. Abdul Ghani, Members Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa. The resolution is given below:-

ہر گاہ کہ یہ ایوان مرکزی حکومت کی جانب سے پاکستان کو امریکہ اور اسرائیل کے زیرِ سرپرستی قائم کردہ Board of Peace میں شامل کرنے کے فیصلے کی سخت مذمت کرتا ہے اور اسے یکسر مسترد کرتا ہے۔ ایوان واضح کرتا ہے کہ مذکورہ بورڈ کی تشکیل اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل میں منظور شدہ قرارداد کی اصل روح کے منافی ہے، کیونکہ اس میں فلسطین اور غزہ کی قیادت کو مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا ہے۔ اس اقدام سے یہ امر آشکار ہوتا ہے کہ فلسطین اور غزہ کے عوام کے حق خود ارادیت اور آزاد و خود مختار ریاست کے قیام کے مطالبے کو پس پشت ڈال کر اسرائیل کے مذموم عزائم کو تقویت دینے کی سازش کی جا رہی ہے۔

ایوان اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ امریکہ، جو اسرائیل کے مظالم کا مسلسل حمایتی رہا ہے اور کئی بار سلامتی کونسل میں غزہ میں جنگ بندی کی قراردادوں کو ویٹو کر چکا ہے، اسرائیل اور فلسطین کے معاملے میں دوہرا معیار اپنائے ہوئے ہے۔ اسرائیل کی انسانیت سوز کارروائیوں پر اس کی ناجائز حمایت جاری ہے، جس کے نتیجے میں یہ Board of Peace سے زیادہ Board of Power دکھائی دیتا ہے، جس کا مقصد امن قائم کرنا نہیں بلکہ فلسطین اور غزہ کی مزید تباہی ہے۔

مزید برآں، اس بورڈ کو ذیلی کمیٹیاں تشکیل دینے کا اختیار حاصل ہے، جس میں اسرائیل کی سربراہی کے تحت پاکستان کی شمولیت کا خطرہ موجود ہے۔ یہ امر پاکستان کے اصولی موقف کے خلاف ہے اور قومی وقار کو مجروح کرنے کا باعث بن سکتا ہے۔ پاکستان کا اصولی موقف، جسے بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے بارہا دہراتے ہوئے اسرائیل کو ناجائز قبضہ قرار دیا اور انصاف، حق خود ارادیت اور مظلوم عوام کی حمایت کو اپنی خارجہ پالیسی کی بنیاد بنایا، کسی بھی صورت میں تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔

لہٰذا، یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فلسطین اور غزہ کی خود مختاری، آزادی اور حقوق کی بھرپور حمایت جاری رکھے اور اسرائیل کے مظالم کے خلاف واضح، دوٹوک اور اصولی موقف اختیار کرے۔ مزید یہ کہ حکومت کسی بھی ایسی مہم جوئی یا اقدام کا حصہ نہ بنے جو فلسطینی عوام کے اصولی موقف کے منافی ہو۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of ninety days from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Yours faithfully,

**(NAJEEB ULLAH)**
Assistant Secretary,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa